# داخلوں کے لیے عام ہدایات

متوقع درخواست دہندگان کی جانب سے دعوؤں کی بنیاد پر میرٹ لسٹ تیار کی گئی ہے۔ داخلے کے وقت دعوؤں کی تائیدی اسنادات کی تصدیق کی جائے گی۔ تمام کورسس کے لیے اردو کا دسویں یا بارہویں جماعت میں زبان یا ذریعہ تعلیم کے طور پر ہونا لازمی ہے۔ اگر کوئی دعویٰ/لازمی تقاضہ پورا نہ کیا گیا تو اُمیدواروں کو داخلہ نہیں دیا جائے گا۔

## داخلہ کے لیے اہم ہدایات:

I. براہ کرم پراسپکٹس 2016-17 ملاحظہ کریں

II. داخلہ کی تاریخ: 20/جولائی 2016

II. داخلہ کا مقام: اسکول برائے السنہ' لسانیات و ہندوستانیات' مانو کیمپس' حیدرآباد

IV. رپورٹنگ کا وقت: 9.30 بجے صبح (وقت کی پابندی لازمی)

V. جانچ کے لیے درکار دستاویزات: اصل اسناد/ہر دستاویز کی فوٹو کاپی کے دو سیٹ داخلہ کے وقت داخل کیے جائیں۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں داخلہ سے محروم کر دیا جائے گا۔

1. آن لائن پُر کیا گیا درخواست فام کی پرنٹڈ کاپی
2. دسویں/بارہویں جماعت میں زبان/ذریعہ تعلیم کے طور پر اردو/مانو سے گریجویشن کا ثبوت
3. دسویں/ایس ایس سی/مساوی بورڈ امتحان میں حاصل شدہ نشانات کا میمو
4. بارہویں یا مساوی کے مارکس شیٹ اور سرٹیفکیٹ
5. گریجویشن میں مصلہ مجموعی نشانات کا میمو/ پوسٹ گریجویشن میں مصلہ نشانات کا میمو (حسبِ ضرورت)
6. پرووژنل سرٹیفکیٹ/گریجویشن کا ڈگری سرٹیفکیٹ/ پوسٹ گریجویشن (حسبِ ضرورت)
7. ٹرانسفر سرٹیفکیٹ (آخر میں جس ادارے سے تعلیم حاصل کی)
8. مائیگریشن سرٹیفکیٹ (آخر میں جس ادارے سے تعلیم حاصل کی)
9. طبقہ/زمرہ سرٹیفکیٹ (اگر امیدوار دعویدار ہو)
10. Conduct/Bonafide سرٹیفکیٹ (آخر میں جس ادارے سے تعلیم حاصل کی)
11. امیدوار کی چار تازہ ترین پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر
12. والدین/سرپرست کی ایک ایک تصویر
13. ڈاک ٹکٹ کے ساتھ خود کے پتے پر مشتمل چار لفافے۔
14. درکار داخلہ فیس (پراسپکٹس 2016-17 میں صراحت کردہ' مخصوص کورس کے لیے صفحہ 27) داخلے کے لیے ضروری کارروائی کی تکمیل کے بعد چالان کے ذریعہ ادائیگی
15. جے آر ایف/نیٹ/سلٹ/گیٹ/RGNF/MANF وغیرہ کا ثبوت' جہاں بھی قابلِ اطلاق ہو۔

## انتظاری فہرست (ویٹ لسٹڈ) کے امیدواروں کے لیے ہدایات:

1. نشستیں خالی رہنے کی صورت ہی میں' صرف میرٹ کی بنیاد پر انتظاری فہرست کے امیدواروں کو داخلہ دیا جائے گا۔
2. انتظاری فہرست میں شامل امیدوار 21/جولائی 2016 کو بپابندیٔ وقت 9.30 تا 11 بجے صبح رپورٹ کریں۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں داخلہ سے محروم کر دیا جائے گا۔

## نتیجہ کے منتظر امیدواروں کے لیے ہدایات:

1. نشستیں خالی رہنے کی صورت ہی میں' نتیجے کے منتظر امیدواروں کو صرف اہلیتی امتحان کی مارکس شیٹ کی پیشکشی پر خالص میرٹ کی بنیاد پر داخلہ دیا جائیگا۔
2. نتیجے کے منتظر امیدوار 21/جولائی 2016 کو بپابندیٔ وقت 2.00 تا 3.00 بجے دوپہر رپورٹ کریں۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں داخلہ سے محروم کر دیا جائے گا۔